رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **ابتدائیہ** | پرچہ: **پہلا** | مضمون: **التجوید**

تاریخ: **01-02-2025** | دن: ہفتہ | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: حروف مستعلیہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 2: حرکات کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 3: مُنَوّن کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 4: حروف مدہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟

سوال نمبر 5: کھڑی حرکات کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 6: حروف لین کتنے اور کون کون سے ہیں؟ فقط نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: حروف قلقلہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟

سوال نمبر 8: نون ساکن اور تنوین کے کتنے اور کون کون سے قاعدے ہیں؟ فقط نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: حروف حلقی کتنے اور کون کون سے ہیں؟

سوال نمبر 10: تشدید کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 11: اظہار کا قاعدہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: اخفا کا قاعدہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: تفخیم اور ترقیق کے معنی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: مد متصل کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 15: سکتہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 16: امالہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 17: نون قطنی کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 18: اعادہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 19: حروف قلقلہ میں کب قلقلہ خوب ظاہر ہو گا؟

سوال نمبر 20: غنہ کسے کہتے ہیں اور اس کی مقدار کیا ہے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: اقلاب اور ادغام کے قاعدے تفصیلاً بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: "را" کو پُر پڑھنے کی 4 صورتیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: حروف تہجی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: وضو کے کتنے اور کون کون سے فرائض ہیں؟

سوال نمبر 5: نماز کے کتنے اور کون سے فرائض ہیں؟

رول نمبر: ____________

دستخط اُمیدوار: __________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **ابتدائیہ** پرچہ: **پہلا** مضمون: **التجوید**

تاریخ: **01-02-2025** دن: **ہفتہ** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ___________ دستخط مقتش: __________

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر1: حروف مفردات۔۔۔ہیں۔

(الف) 26 (ب) 27 (ج) 28 (د) 29

سوال نمبر2: حروف صفیریہ۔۔۔ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر3: حروف مستعلیہ۔۔۔ہیں۔

(الف) 5 (ب) 6 (ج) 7 (د) 8

سوال نمبر4: دو یا اس سے زائد حروف سے مل کر۔۔۔بنتا ہے۔

(الف) مرکب (ب) مفرد (ج) جملہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر5: جس حرف پر کوئی حرکت ہو اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) متحرک (ب) حرکات (ج) تنوین (د) مشدد

سوال نمبر6: حرکات کو۔۔۔ادا کرتے ہیں۔

(الف) سختی کے ساتھ (ب) بغیر کھینچے (ج) بغیر جھٹکا دیئے (د) ب اور ج دونوں

سوال نمبر7: زبر حرف کے۔۔۔ہوتا ہے۔

(الف) اوپر (ب) نیچے (ج) برابر (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر8: زیر۔۔۔ادا کرتے ہیں۔

(الف) منہ کھول کر (ب) آواز نیچے گرا کر (ج) ہونٹوں کو گول کرکے (د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر9: پیش۔۔۔ادا کرتے ہیں۔

(الف) ہونٹوں کو گول کرکے (ب) ہونٹوں کو کھول کر (ج) ہونٹوں کو بند کرکے (د) ہونٹوں کو ملا کر

سوال نمبر10: دو زبر، دو زیر اور دو پیش کو کہتے ہیں۔

(الف) نون ساکن (ب) مشدد (ج) غنہ (د) تنوین

سوال نمبر11: تنوین نون ساکن ہوتا ہے جو کلمے کے۔۔۔میں آتا ہے۔

(الف) شروع میں (ب) درمیان میں (ج) آخر میں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر12: جس حرف پر تنوین ہو اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) مرکب (ب) مشدّد (ج) مُدغم (د) مُنوّن

سوال نمبر13:جس حرف پر جزم ہو اسے کہتے ہیں۔

(الف)تنوین (ب)ساکن (ج)مشدد (د)حرکت

سوال نمبر14:حروف مدہ۔۔۔ہیں۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

سوال نمبر15:واؤ ساکن سے پہلے پیش ہو تو اسے کہتے ہیں۔

(الف)الف مدہ (ب)واؤ لین (ج)واؤ مدہ (د)کھڑی حرکت

سوال نمبر16:حروف مدہ کو۔۔۔کے برابر کھینچ کر پڑھتے ہیں۔

(الف)ایک حرکت (ب)دو حرکات (ج)تین حرکات (د)چار حرکات

سوال نمبر17:"ی" ساکن سے پہلے۔۔۔ہو تو یا مدہ ہو گا۔

(الف)زبر (ب)زیر (ج)پیش (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر18:کھڑے زبر، کھڑے زیر اور الٹے پیش کو کہتے ہیں۔

(الف)یا مدہ (ب)مشدد (ج)واؤ لین (د)کھڑی حرکات

سوال نمبر19:کھڑی حرکات کو۔۔۔کے برابر کھینچ کر پڑھتے ہیں۔

(الف)دو حرکات (ب)تین حرکات (ج)چار حرکات (د)پانچ حرکات

سوال نمبر20:واؤ ساکن سے پہلے زبر ہو تو۔۔۔ہو گا۔

(الف)الف مدہ (ب)یا لین (ج)واؤ مدہ (د)واؤ لین

سوال نمبر21:حروف لین کو۔۔۔نرمی سے معروف پڑھتے ہیں۔

(الف)سختی کے ساتھ (ب)بغیر کھینچے (ج)بغیر جھٹکا دیئے (د)ب اور ج دونوں

سوال نمبر22:حروف لین۔۔۔ہیں۔

(الف)الف اور واؤ (ب)الف اور یا (ج)واؤ اور ی (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر23:ہمزہ ساکنہ کو۔۔۔پڑھتے ہیں۔

(الف)نرمی کے ساتھ (ب)جھٹکا دے کر (ج)غنہ کر کے (د)بغیر کھینچے

سوال نمبر24:قلقلہ کے معنی۔۔۔ہیں۔

(الف)جنبش (ب)حرکت (ج)الف اور ب دونوں (د)جھٹکا

سوال نمبر25:حروف قلقلہ۔۔۔ہیں۔

(الف)3 (ب)4 (ج)5 (د)6

رول نمبر: ________________

جوابی کاپی نمبر: ______________

## سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: ابتدائیہ | پرچہ: دوسرا | مضمون: دراسۃ القرآن

تاریخ: 03-02-2025 | دن: پیر | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

### مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: لڑکے کے والد نے گائے کو جنگل میں چھوڑتے ہوئے کیا دعا مانگی؟

سوال نمبر 2: وحی کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 3: رسول کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 4: "خاتم النبیین" کس نبی علیہ السلام کو کہتے ہیں اور کیوں کہتے ہیں؟

سوال نمبر 5: اعلان نبوت سے پہلے آپ ﷺ کو کن القاب سے پکارا جاتا تھا؟

سوال نمبر 6: آپ ﷺ کی قرآن میں جو خصوصیات بیان فرمائی گئیں، ان میں سے کوئی سی تین بیان کیجئے۔

سوال نمبر 7: قابیل کو لاش دفنانے کا طریقہ سکھانے کے لیے اللہ تعالیٰ نے کس پرندے کو بھیجا؟

سوال نمبر 8: جھوٹ کا مطلب کیا ہے؟

سوال نمبر 9: "سورۃ الکوثر" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: ترتیب وار پانچ فرض نمازوں کے نام بتائیے۔

سوال نمبر 11: نبی کریم ﷺ نے "کوثر" کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟

سوال نمبر 12: فرشتے کیسے ہیں؟

سوال نمبر 13: فرعون نے بنی اسرائیل کے لڑکوں کو کیوں قتل کروایا؟

سوال نمبر 14: کس کلمہ کی بدولت بنی اسرائیل انوکھی گائے تک پہنچے؟

سوال نمبر 15: کسی مسلمان کو تکلیف دینا کیسا ہے؟

سوال نمبر 16: زبان سے لوگوں کو تکلیف دینے کی دو مثالیں دیجئے۔

سوال نمبر 17: سورۃ الاخلاص کو "سورۃ الاخلاص" کیوں کہتے ہیں؟

سوال نمبر 18: ﴿إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي مَقَامٍ أَمِينٍ﴾ کا ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 19: اوصاف، سولی چڑھانا، مقرب، صالحین، ان چاروں الفاظ کے معنی بتائیے۔

سوال نمبر 20: "حواری" کن کو کہا جاتا ہے؟

### طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: "سورۃ الفلق" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: پل صراط سے لوگوں کے گزرنے کی کیا کیفیت ہوگی؟ اس پر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: فرشتے کیا کام کرتے ہیں؟ ان کے کوئی سے پانچ کام بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: "سورۃ الاخلاص" کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: فرشتوں کی تعداد کتنی ہے؟ اور سب سے افضل فرشتے کون سے ہیں؟

رول نمبر: ____________

دستخطِ اُمیدوار: ___________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **ابتدائیہ** | پرچہ: **دوسرا** | مضمون: **دراسۃ القرآن**

تاریخ: **03-02-2025** | دن: **پیر** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط مفتش: ____________

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر1: "کھل اٹھنا" کا معنی ہے۔

(الف)بولنا (ب)چمکنا (ج) دمکنا (د)خاموش

سوال نمبر2: ہر نبی علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ ۔۔۔عطا فرماتا ہے۔

(الف)کامل عقل (ب)مال ودولت (ج)بادشاہت (د)یہ تمام

سوال نمبر3: انبیائے کرام علیہم السلام کی تعداد۔۔۔ہے۔

(الف)کم وبیش 1 لاکھ 26 ہزار (ب)کم وبیش 1 لاکھ 28 ہزار (ج)کم وبیش 1 لاکھ 24 ہزار (د)یہ سب

سوال نمبر4: سب سے بڑا رتبہ ۔۔۔کا ہے۔

(الف)حضرت آدم علیہ السلام (ب)حضرت نوح علیہ السلام (ج)حضرت عیسیٰ علیہ السلام (د)حضرت محمد ﷺ

سوال نمبر5: قرآن پاک میں ۔۔۔مقامات پر ہمارے نبی ﷺ کا نام مبارک موجود ہے۔

(الف)4 (ب)5 (ج)6 (د)3

سوال نمبر6: "رفعۃ" کا معنی ہے۔

(الف)توکل (ب) گہرائی (ج)پستی (د)بلندی

سوال نمبر7: "مبشر" کا معنی ہے۔

(الف)مرنے والا (ب)لڑنے والا (ج)ڈرانے والا (د)خوشخبری دینے والا

سوال نمبر8: پہلی وحی ۔۔۔ میں نازل ہوئی۔

(الف)غارِ ثور (ب)غارِ حرا (ج)بدر (د)احد

سوال نمبر9: ہمارے نبی ﷺ کی ولادت سے پہلے ۔۔۔ آپ کے وسیلے سے دعائیں مانگتے تھے۔

(الف)عیسائی (ب)یہودی (ج)مشرکین مکہ (د)پارسی

سوال نمبر10: نبی پاک ﷺ کے ۔۔۔بیٹے تھے۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

سوال نمبر11: "بنیاد رکھنا" کا معنی ہے۔

(الف) ابتداء کرنا (ب)انتہا کرنا (ج)اختتام (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر12: دنیا کا سب سے پہلا قتل ۔۔۔نے کیا۔

(الف)ہابیل (ب) جمیل (ج) قابیل (د)رابیل

سوال نمبر13:حقیقت کے خلاف بات کرنے کو۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف)سچ (ب)جھوٹ (ج)غیبت (د)چغلی

سوال نمبر14:تمام دینوں میں۔۔۔حرام ہے۔

(الف)غیبت (ب)بدگمانی (ج)چغلی (د)جھوٹ

سوال نمبر15:حقیقت کے مطابق بات کرنے کو۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف)سچ (ب)جھوٹ (ج)غیبت (د)چغلی

سوال نمبر16:"مشک"کا معنی ہے۔

(الف)اولاد (ب)ہمت (ج)خوشبو (د)تسلی

سوال نمبر17:"محروم"کا معنی ہے۔

(الف)ناکام (ب)خوشبو (ج)قیمتی پتھر (د)یہ سب

سوال نمبر18:سورۃالکوثر قرآن کی سب سے۔۔۔سورۃ ہے۔

(الف)بڑی (ب)درمیانی (ج)چھوٹی (د)لمبی

سوال نمبر19:روح قبض کرنے والے فرشتے کانام ہے۔

(الف)حضرت جبرائیل (ب)حضرت اسرافیل (ج)حضرت میکائیل (د)حضرت عزرائیل علیہم السلام

سوال نمبر20:صور پھونکنے والے فرشتے کانام ہے۔

(الف)حضرت جبرائیل (ب)حضرت اسرافیل (ج)حضرت میکائیل (د)حضرت عزرائیل علیہم السلام

سوال نمبر21:حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے مصر پر۔۔۔کی حکومت تھی۔

(الف)فرعون (ب)نمرود (ج)شداد (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر22:"پیشوا"کا مطلب ہے۔

(الف)ہمت (ب)قادر (ج)راہنما (د)فساد

سوال نمبر23:"اقتدا"کا معنی ہے۔

(الف)پیروی کرنا (ب)راہنمائی کرنا (ج)آگے چلنا (د)دوسروں کو کم تر سمجھنا

سوال نمبر24:اللہ تعالی کی نافرمانی نہیں کرتے۔

(الف)انسان (ب)فرشتے (ج)جنات (د)یہ تمام

سوال نمبر25:"تسلی"کا معنی ہے۔

(الف)خوشی دینا (ب)تحفہ دینا (ج)اطمینان (د)ہمت

| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل<br>درجہ: **ابتدائیہ** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **موضوعات الحدیث**<br>تاریخ: **04-02-2025** دن: **منگل** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75** | رول نمبر: ______________<br>جوابی کاپی نمبر: ______________ |

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: حدیث مبارکہ کے مطابق مرحوم کے لیے کون سا صدقہ بہترین ہے؟

سوال نمبر 2: قبر کی زیارت کے بارے میں حدیث بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: مصیبت پر صبر کرنے پر کتنے ثواب ملتے ہیں؟

سوال نمبر 4: حضور علیہ السلام کی لحد کھودنے والے صحابی کا نام بتائیے۔

سوال نمبر 5: قبر کی کتنی اقسام ہیں؟ نام بتایئے۔

سوال نمبر 6: صندوقی قبر کا طریقہ بتایئے۔

سوال نمبر 7: "مُردوں کو اچھے الفاظ میں یاد کرنے کے متعلق حدیث مبارکہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 8: کفن کے کتنے درجے ہیں؟ نام بتایئے۔

سوال نمبر 9: عورت کے لیے کفن سنت کتنے کپڑے ہونے چاہیں؟ ان کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: مرد کے لیے کفن کفایت میں کتنے کپڑے ہوتے ہیں؟

سوال نمبر 11: سورہ یٰسین کی فضیلت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12: امام اہل سنت کے مطابق کس صورت میں موت کی تمنا کرنا جائز اور کس صورت میں ناجائز ہے؟

سوال نمبر 13: موت کو کثرت سے یاد کرنے کی تلقین کیوں کی گئی ہے؟

سوال نمبر 14: کیا ہر بیماری کی شفا ہے؟ اس کے متعلق حدیث مبارکہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 15: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق جب کوئی شخص کسی مریض کی عیادت کرتا ہے تو ایک منادی آسمان سے کیا ندا کرتا ہے؟

سوال نمبر 16: بخار کو بُرا نہ کہنے کے بارے میں نبی پاک ﷺ کا فرمان تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: بدعت کا لغوی معنی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: اچھا عمل جاری کرنے والے کا کتنا اجر ہے؟

سوال نمبر 19: عبادتِ غیر مقصودہ سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 20: "کلمہ طیبہ کی گواہی دینے والے پر دوزخ کی آگ حرام ہے" اس حدیث مبارکہ میں دوزخ کی آگ حرام ہونے کا کیا مطلب ہے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: نیت کی اہمیت پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی مروی روایت اردو میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: شہید کے کوئی سے تین انعامات بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: بدعت کی اصول شرع کے اعتبار سے اقسام بیان کیجئے، نام بھی تحریر کیجئے اور تعریف بھی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: بندے کو علمِ الٰہی میں مقدر مرتبۂ کمال کیسے حاصل ہوتا ہے؟ حدیث مبارکہ کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: مریض کی عیادت کی فضیلت بیان کیجئے۔

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: اعمال کا درومدار۔۔۔ پر ہے۔

(الف) اخلاق (ب) عبادت (ج) نیت (د) ہجرت

سوال نمبر 2: نیت لغوی طور پر۔۔۔ کا نام ہے۔

(الف) دل کے ارادے (ب) سنت (ج) عمل (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 3: گواہی دینے سے مراد تمام اسلامی۔۔۔ قبول کرلینا ہے۔

(الف) غزوات (ب) عقائد (ج) اصطلاحات (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 4: "اعمال کے ثواب کا دارومدار نیت پر ہے" یہ۔۔۔ کا قول ہے۔

(الف) حضرت عمر (ب) حضرت علی (ج) حضرت عثمان (د) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہم

سوال نمبر 5: "دجال" کے معنی ہے۔

(الف) فاسق (ب) منافق (ج) بڑا مکار (د) بڑا

سوال نمبر 6: "جاءالحق" کے مصنف ہیں۔

(الف) اعلیٰ حضرت (ب) مفتی نعیم الدین مراد آبادی (ج) مفتی امجد علی اعظمی (د) مفتی احمد یار خان نعیمی علیہم الرحمۃ

سوال نمبر 7: حدیث پاک میں۔۔۔ کی تعظیم و توقیر سے منع کیا ہے۔

(الف) شرک (ب) صاحب بدعت (ج) پارسیوں (د) نجومیوں

سوال نمبر 8: اللہ تعالیٰ شہید کو۔۔۔ انعام عطا فرماتا ہے۔

(الف) نو (ب) آٹھ (ج) سات (د) چھ

سوال نمبر 9: اچھا عمل جاری کرنے والے کو۔۔۔ کے برابر ثواب ملے گا۔

(الف) حج (ب) شہید (ج) عمل کرنے والوں (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 10: ہر وہ چیز جو حضور ﷺ کے زمانے کے بعد ایجاد ہوئی وہ۔۔۔ کہلاتی ہے۔

(الف) بدعت (ب) منافقت (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: جب کوئی مومن بیمار ہو جاتا ہے تو گناہوں سے ایسے پاک ہو جاتا ہے، جیسے بھٹی۔۔۔ کو صاف کرتی ہے۔

(الف) لوہے کے زنگ (ب) اینٹوں (ج) پانی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: بخار انسان کے گناہوں کو اس طرح پاک کرتا ہے جیسے۔۔۔

(الف) آگ اینٹوں کو (ب) آگ لوہے کو (ج) آگ پانی کو (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر13:رب کائنات کی بھیجی ہوئی بیماریوں کو برا کہنا۔۔۔ہے۔

(الف)کفر (ب)جرم (ج)نامناسب (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14:"بخار کی برکت کے حوالے سے روایت۔۔۔سے مروی ہے۔

(الف)حضرت عمر فاروق (ب)حضرت عبد اللہ بن عباس (ج)حضرت ابوہریرہ (د)حضرت عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہم

سوال نمبر15:مریض کے گناہ ایسے جھڑتے ہیں جیسے۔۔۔

(الف)درختوں کے پھل (ب)درختوں کے پتے (ج)درخت (د)پھول

سوال نمبر16:صبر کرنے والے کے لیے تھوڑی سی تکلیف بھی اس کے گناہوں کا۔۔۔ہے۔

(الف)کفارہ (ب)بوجھ (ج)ہدیہ (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17:"وَلَا غَمَّ"کا ترجمہ ہے۔

(الف)اور غم (ب)اور کیا غم (ج)اور نہ کوئی غم (د)غم میں ہونا

سوال نمبر18:"خَطَایَاہ"اس کا ترجمہ ہے۔

(الف)اس کی خطائیں (ب)میری خطائیں (ج)اس کی ناکامی (د)اس کی بھلائی

سوال نمبر19:وہ کام جس میں اسراف ہو اسے کرنا۔۔۔ہے۔

(الف)حرام (ب)مباح (ج)مستحب (د)مکروہ

سوال نمبر20:بدعت حسنہ وضلالہ کے بعد بدعت کی مزید۔۔۔اقسام ہیں۔

(الف)چار (ب)پانچ (ج)چھ (د)سات

سوال نمبر21:جو نیا کام اُصولِ شرع کے خلاف ہو اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف)بدعت حسنہ (ب)بدعت ضلالہ (ج)بدعت (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر22:"وَإِنَّ شَرَّ الْأُمُوْر"کا ترجمہ ہے۔

(الف)اور بہترین کام (ب)اور بدترین کام (ج)اچھا کام (د)کام

سوال نمبر23:"کُلُّ بدعةٍ۔۔۔"

(الف)ضلالةٌ (ب)حسنةٌ (ج)سیئةٌ (د)مستحبةٌ

سوال نمبر24:"بِسُنَّتِيْ"کا ترجمہ ہے۔

(الف)تیری سنت (ب)میری سنت (ج)اس کی سنت (د)ہم سب کی سنت

سوال نمبر25:"أَعَانَ"کا ترجمہ ہے۔

(الف)مدد کرے گا (ب)مدد کرتا ہے (ج)تو مدد کر (د)اس نے مدد کی

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: ابتدائیہ　پرچہ: چوتھا　مضمون: التربیۃ الإسلامیۃ

تاریخ: 06-02-2025　دن: جمعرات　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　کل نمبر: 75

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: پہلے کلمہ کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: ایمان کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 3: ایمان مفصل کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 4: ہمارے نبی ﷺ کی ولادت کس مہینے اور کس تاریخ کو ہوئی؟

سوال نمبر 5: اسلام کا کلمہ کیا ہے؟

سوال نمبر 6: فرض نمازوں کے نام بتائیے۔

سوال نمبر 7: نبی کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 8: پانچ انبیائے کرام علیہم السلام کے اسمائے مبارکہ بتائیے۔

سوال نمبر 9: کون سے نبی علیہ السلام تین میل دور سے چیونٹی کی آواز سن کر مسکرائے؟

سوال نمبر 10: مشہور آسمانی کتابوں کے نام بتائیے۔

سوال نمبر 11: خلفائے راشدین کے علاوہ چار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: صحابی کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 13: ولی اللہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 14: وضو سے پہلے "بسم اللہ والحمد للہ" پڑھنے کی فضیلت بتائیے۔

سوال نمبر 15: مغرب کی نماز میں کل کتنی اور کون کون سی رکعتیں ہیں؟

سوال نمبر 16: "یاوھاب" کی فضیلت بتائیے۔

سوال نمبر 17: تسبیح فاطمہ کی ترتیب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: مسلمان بھائی سے ملاقات کے وقت کون سی دعا پڑھنی چاہیے؟

سوال نمبر 19: ہمارے نبی ﷺ کے والد اور والدہ رضی اللہ عنہما کا کیا نام ہے؟

سوال نمبر 20: معجزہ کسے کہتے ہیں؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: ایمان کسے کہتے ہیں؟ اس کے بیان کی اقسام بھی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: ارکان اسلام کتنے ہیں؟ اور ان کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 3: کوئی سے چار انبیاء کرام علیہم السلام کے معجزات بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: خلفائے راشدین سے کیا مراد ہے؟ اور ان کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: فرض نمازوں کے نام اور ان کی رکعتیں بتائیے۔

سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: ابتدائیہ | پرچہ: چوتھا | مضمون: التربیۃ الإسلامیۃ

تاریخ: 06-02-2025 | دن: جمعرات | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط مفتش: ____________

رول نمبر: ____________

دستخط اُمیدوار: ____________


KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر1:"أعوذ باللہ من الشیطان الرجیم" کو کہتے ہیں۔

(الف) ثناء (ب) تعوذ (ج) تسمیہ (د) کلمہ طیبہ

سوال نمبر2: بلندی پر چڑھنے کی دعا۔۔۔ہے۔

(الف) اللہ أکبر (ب) الحمد للہ (ج) سبحان اللہ (د) أستغفر اللہ

سوال نمبر3: ایمان کے بیان کی۔۔۔اقسام ہیں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر4: ایمان کے تفصیلی بیان کو۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) ایمان مجمل (ب) ایمان مفصل (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر5: اللہ عزوجل نے۔۔۔کو بنایا/پیدا کیا۔

(الف) انسانوں (ب) زمین و آسمان (ج) سورج، چاند اور ستاروں (د) یہ تمام

سوال نمبر6: ہمارے نبی ﷺ۔۔۔میں پیدا ہوئے۔

(الف) عراق (ب) مکہ مکرمہ (ج) مدینہ منورہ (د) مصر

سوال نمبر7: ہمارے نبی ﷺ کی والدہ ماجدہ کا نام۔۔۔ہے۔

(الف) حضرت مریم (ب) حضرت آسیہ (ج) حضرت آمنہ (د) حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہن

سوال نمبر8: ہمارا دین۔۔۔ہے۔

(الف) بدھ مت (ب) زرتشت (ج) اسلام (د) جین مت

سوال نمبر9: ہر صاحب استطاعت مسلمان پر زندگی میں ایک بار۔۔۔فرض ہے۔

(الف) نماز (ب) حج (ج) روزہ (د) زکوۃ

سوال نمبر10: فرشتے۔۔۔مخلوق ہیں۔

(الف) نوری (ب) ناری (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر11: تمام نبیوں کے سردار ہیں۔

(الف) حضرت آدم علیہ السلام (ب) حضرت محمد ﷺ (ج) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (د) حضرت موسیٰ علیہ السلام

سوال نمبر12: مشہور آسمانی کتابیں ہیں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر13:جس نے حضور ﷺ کو ایمان کی حالت میں دیکھا اور ایمان پر ہی اس کا خاتمہ ہوا وہ۔۔۔ہے۔

(الف)ولی (ب)صوفی (ج)فقیر (د)صحابی

سوال نمبر14:سب سے آخری نبی۔۔۔ہیں۔

(الف)حضرت آدم علیہ السلام (ب)حضرت نوح علیہ السلام (ج)حضرت شعیب علیہ السلام (د)حضرت محمد ﷺ

سوال نمبر15:ہمارے نبی ﷺ کی ولادت باسعادت بروز۔۔۔ہوئی۔

(الف)پیر (ب)منگل (ج)بدھ (د)جمعرات

سوال نمبر16:ہم۔۔۔ہیں۔

(الف)جن (ب)فرشتے (ج)مسلمان (د)جمادات

سوال نمبر17:جس انسان کو اللہ عزوجل نے ہدایت کے لیے وحی بھیجی اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف)صحابی (ب)نبی (ج)صوفی (د)دوست

سوال نمبر18:لوہے کو موم کی طرح نرم کرنا۔۔۔کا معجزہ تھا۔

(الف)حضرت آدم علیہ السلام (ب)حضرت نوح علیہ السلام (ج)حضرت داؤد علیہ السلام (د)حضرت شعیب علیہ السلام

سوال نمبر19:شکریہ ادا کرتے وقت دعا دینی چاہیے۔

(الف)الله أكبر (ب)عفوا (ج)جزاك الله خيراً (د)أستغفر الله

سوال نمبر20:ہمارے نبی ﷺ کی ولادت۔۔۔کو ہوئی۔

(الف)13ربیع الاول (ب)11ربیع الاول (ج)12ربیع الاول (د)14ربیع الاول

سوال نمبر21:فرض نمازیں۔۔۔ہیں۔

(الف)دو (ب)تین (ج)چار (د)پانچ

سوال نمبر22:فرشتوں کے سردار ہیں۔

(الف)حضرت جبرائیل (ب)حضرت عزرائیل (ج)حضرت میکائیل (د)حضرت اسرافیل علیہم السلام

سوال نمبر23:اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے کنزالایمان میں نبی کے معنی۔۔۔بیان کئے ہیں۔

(الف)غیب کی خبر دینے والا (ب)خوشخبری سنانے والا (ج)ڈرسنانے والا (د)گواہ

سوال نمبر24:اگر کوئی نبوت کا جھوٹا دعوی کرے اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف)مسیلمہ (ب)کذاب (ج)نامراد (د)ناکام

سوال نمبر25:خطبہ حج۔۔۔میں ادا ہوتا ہے۔

(الف)مکہ مکرمہ (ب)عرفات (ج)منیٰ (د)الف اور ب دونوں